عبرانیوں 11:1-2،8-19 | زبور، لوقا 1:68-75

رنگ سبز

مقدس مرقس 4:35-41

**مرکزی آیت :۔ ’’ اُور اُس نے اُٹھ کر ہوا کو جھڑکا اُور جھیل سے کہا خاموش ساکت ہو‘‘ ۔مرقس 4 : 39**

اَے یسوع میرا دل سمندر کی مانند ہے۔بعض اوقات اس میں تند و تیز لہریں اُٹھتی ہیں جن پر میں قابو نہیں پا سکتا۔تُو پھر اے یسوع اپنی آواز سُنا۔وہ میرے خالق اَور باپ کی آواز، میرے نجات دہندہ اَور مالک کی آواز۔تُو آج میرے لئے بھی کہہ خاموش! ساکت ہو جا۔تا کہ میں بھی ساکن ہو جاؤں اَور یسوع تیرا شکر کروں۔



## یسوع مسیح کا ہیکل میں نذر کیے جانے کی عید

رنگ سفید

ملاکی 3:1-4

زبور 23

عبرانیوں 2:14-18

مقدس لوقا 2:22-40

**مرکزی آیت:۔''اَے مالک تو اپنے قول کے مطابق اب اپنے بندے کو امن سے رُخصت کر''۔لوقا2:29**

یسوع اَور مریم کی زندگی میں ہر لمحہ بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ وہ یسوع کو ہیکل میں خدا کی نذر کرنے کو لاتے ہیں۔ وہاں اُنہیں شمعون ملتا ہے۔ جس سے خداوند نے وعدہ کیا تھا کہ وہ مرے گا نہیں جب تک کہ اپنے مسیحا کو نہ دیکھ لے۔ روُح پاک اُسکی بچہ یسوع کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ شمعون کچھ نہیں کر پاتا کہ اسے اپنی باہوں میں لے اَور خداوند کی حمد کرے اَور اِس دُنیا کے نُور کو پہچان لے۔ اِس لئے آج ہم جلتی شمعیں لے کر آئے ہیں۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................



## مقدس بلیز۔مقدس انسغار

رنگ سبز یا سرخ

عبرانیوں 11:32-40

زبور 30

### مقدس مرقس 5:1-20

**مرکزی آیت:۔"اپنے گھر اپنوں کے پاس جا اور اُنہیں خبر دے کہ خداوند نے تیرے واسطے کیسے بڑے کام کیئے ہیں"۔مرقس 5:19**

کتنی دفعہ خُداوند کی محبُت کے نشانات کا ہم اپنی زندگی میں تجربہ کرتے ہیں اَور ان کا ذکر کسی سے نہیں کرتے، یہاں تک کہ انہیں اپنے دل کے کسی کونے میں رکھ کر بھول جاتے ہیں۔اگر ہم انہیں اپنے دِلوں کی زمین میں بوئیں تو ہم اِس سے اپنے اِردگردنئ روشنی،خوشی،امن وسلامتی کے پھل لا سکتے ہیں۔

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

............................................................................

عبرانیوں 12:1-4 زبور 21

رنگ سبز

## مقدس مرقس 5:21-43

**مرکزی آیت:۔ ''تب لوگ نہایت ہی حیران ہوئے''۔ مرقس 5:42**

اُنہوں نے یسوع کو ایک چھوٹی بچی کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیتے دیکھا جو کہ مر چکی تھی۔ اُس نے اُسے کہا تھا: اُٹھ اور اس نے اس کی تابعداری کی اَور اس کا حکم بجالائی۔

دو سال ہوئے میکسیکو میں گوادہ لوپے کے مقدس مقام پر پاک ظہوردان میں موجود پاک یوخرست دو گھنٹے تک ایک زندہ دل کی مانند دھڑکتا رہا۔ اس سے بھی زیادہ ''حیران کُن''

ایسے معجزات کو دیکھ کر ہم بھی یسوع مسیح پر ایمان لائیں اَور اُس کا شکر ادا کریں تا کہ رُوحانی نشانات ہماری زندگی میں ظاہر ہوں۔

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................

..............................................................................................



## مقدسہ آگاتھا کنواری۔شہید

رنگ سُرخ


عبرانیوں 15-11,7-4:12

زبور 102

مقدس مرقس 6-1:6

**مرکزی آیت :۔" غور سے دیکھتے رہو کہ کوئی شخص خدا کے فضل سے محروم نہ رہے"۔عبرانیوں 15:12**

ہمیں کوئی بھی یسوع کے فضل سے محروم نہیں رکھ سکتا۔اس کی محبُت اِس طرح ہمارا احاطہ لئے ہوئے ہے جیسے سورج کی روشنی۔ہم جاگتے رہیں گے، ہوشیار رہیں گے تا کہ ہمارے دل کے ناجائز مطالبات پورے نہ ہوسکیں۔ہم کسی بات کو اجازت نہیں دیں گے جو تیرے کلام کی جگہ لے سکے ہم جاگتے رہیں گے اَور دُعا کرتے رہیں گے۔



**مقدس پال مِکی اَور ساتھی شہید** | **رنگ سُرخ**

عبرانیوں 24-21,19-18:12 زبور 47

## مقدس مرقس 13-7:6

**مرکزی آیت:۔" اَور اُنہیں ناپاک روحُوں پر اختیار بخشا"۔مرقس 7:6**

ایک دوست ویڈیو گیم کی طرف بڑا کھینچا جاتا تھا۔ کچھ دیر کے بعد اسے احساس ہوا کہ وہ ان پر انحصار کرنے لگا ہے۔تو پھر اس نے فیصلہ کیا کہ وہ صرف آدھا گھنٹہ دو پہر اَور شام کو کھیلے گا۔لیکن وہ اِس وقت کا بڑی بے صبری سے انتظار کرتا تھا۔ وہ اس کے بغیر رہ ہی نہیں سکتا تھا۔ اسے شرم بھی آتی تھی۔ مگر وہ اِس سے پیچھا نہیں چھڑا پا رہا تھا۔ اُس نے اپنی اِس ناکامی کے لئے اکیلے میں دُعا کرنا شروع کی۔لیکن کچھ نہ بن پایا۔لیکن جب اس نے حلیمی سے ایک کاہن سے برکت کا کہا تو پھر وہ اس سے آزاد ہوا۔اِس لئے ہمیں بھی ہر پل خدا کی برکت اَور اُس کے کاہنوں سے برکت حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

........................................................................................

عبرانیوں 13:1-8

زبور 26

رنگ سبز

مقدس مرقس 6:14-29

**مرکزی آیت:۔"مَیں تجھے ہرگز نہ چھوڑوں گا"۔عبرانیوں 13:5**

یہ خداوند کی طرف سے یقین دہانی کروائی گئی ہے کہ عبرانیوں کو خط لکھنے والا اسے دہراتا ہیگہ ہمارے دِلوں میں مہمان نوازی، ایک دوسرے کا خیال رکھنا اَور کسی ضرورت مند کی تکلیف میں مدد کرنا۔ اُن سب کے لئے جو کسی نہ کسی طرح ضرورت مند ہوں۔ یہ عمل ہمارے ہاتھوں کو کھولتا اَور خود غرضی کی پریشانیوں سے آزاد کرتا ہے۔ جو کہ ہمارے مستقبل کے لئے بہترین فیصلہ ہےَ۔اَور آج ہمیں یہ اچھے اعمال دوسروں سے محبت کرنے کی خوشی عطا کرتے ہیں۔انہی سے ہمیں ذہنی سکون، آزادی اَور خوبصورتی ملتی ہےَ۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................



**مقدس جیروم ایملیانی، مقدسہ جوزفین بگیتا** | **رنگ سبز یا سفید**

**عبرانیوں 13:15-17,20-21** | **زبور 22**

**مقدس مرقس 6:30-34**

**مرکزی آیت:۔ ''تم الگ ویران جگہ پر چلے آؤ''۔مرقس 6:31**

اے یسوع، اے مسیح خداوند تو کتنا شیریں ہے اپنے شاگردوں کے ساتھ جو تیرے کام میں تیرے مددگار اَور شریک ہیں۔تو اِن کی محنت، اَور تھکاوٹ سے واقف ہے۔تو اُنہیں دیکھتا ہے۔کہ اُن کو اُن کے مصائب سے چھٹکارہ دلانا۔اُن کی ہمت بندھانا اَوران کو آرام دینے کے لئے اپنے ساتھ لاتا ہے۔ ہم تیرے ان لمحات کے لئے بے حد مشکور ہیں جو تو اپنے ساتھ رہنے کے لئے ہمیں عطا فرماتا ہے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

اشعیاہ 6:1-2,3-8 — زبور 137

رنگ سبز

2۔قرنتیوں 15:1-11 — مقدس لوقا 5:1-11

**مرکزی آیت:۔"سب کچھ چھوڑ کر اُس کے پیچھے ہو لئے"۔لوقا 5:11**

یسوع کے شاگردوں نے ایسا ہی کیا۔ وہ جو اُس کے رسُولوں کے طور پر چُنے جانے والے تھے۔ اُنہوں نے ایک معجزہ دیکھا تھا۔ ایک کرامت ایک معجزانہ ماہی گیری۔ ہم نے بھی ایک معجزہ دیکھا ہے۔ اِس کی ہمارے لئے محبّت، صلیب تک کی محبُت جو ہماری نجات کے لئے تھی اِس لئے ہم خوشی سے اپنے نظریات، مفادات، بہترین وجوہات جو کہ اِس کے بلاوے کے خلاف ہمیں اُکسائے اَور اُس کی پیروی کے لئے بلکہ ہمارے دل بند کر دیتی ہے۔ ہمیں اِن چیزوں سے کنارہ کشی کر کے صرف اِس میں خوش رہنا ہےَ اَور اُس کی دل و جان سے پیروی کرنی ہےَ۔

اے یسوع تیرا شکریہ کہ تُو نے ہمیں بُلایا کہ تیرے پیچھے ہو لیں۔



## مقدسہ سکولا سیٹکا، کنواری

رنگ سفید

تکوین 1:1-19

زبور 103

مقدس مرقس 6:53-56

**مرکزی آیت:۔ ’’خدا نے کہا کہ روشنی ہو‘‘۔تکوین 1:3**

**مرکزی آیت:۔ ’’خدا نے کہا کہ روشنی ہو‘‘۔تکوین 1:3**

ہم بائبل مقدس کے پہلے صفحہ پر ہیں۔ جب خداوند نے آسمان اَور زمین کو بنایا۔لیکن ابھی تک سب کچھ بغیر کسی شکل کے اندھیرے میں تھا۔تخلیق کا کام جاری رکھتے ہوئے خداوند نے کہا ’’روشنی ہو‘‘ روشنی سے ہر چیز کی خوبصورتی اَور مطلب واضع ہوا۔ پہاڑ، پودے، پھول، جانور ، آسمان ، ستارے،اے باپ تیرا شکریہ جس نے ہمیں کائنات کا حصہ بنایا جو کہ سب کا مشترکہ گھر ہے۔ جسے تو سنبھالے ہوئے ہے اَور اپنے ساتھ ہمیں بھی اس کی ذمہ داری سونپی ہے۔



## لُوردس کی مقدسہ مریم

رنگ سبز یا سفید

تکوین 4:2,20:1

زبور 8

مقدس مرقس 13-1:1

**مرکزی آیت:۔ ''تم اپنی روایت کو جاری رکھنے کیلئے خدا کا حکم ردّ کرتے ہو'' مرقس 9:7**

یسوع یہودیوں کے مذہبی راہنماؤں سے بات کرر ہا ہے۔لیکن ہم بھی جانتے ہیں۔ کہ خدا کے کلام کو نظر انداز کرنے ،اپنا کا نکالنے اَور مفادات اَور جذبات میں ملوث ہونے میں کس طرح ہوشیار رہنا ہےَ۔ لیکن ہماری ہوشیاری حقیقی نیکی کے لئے ہونی چاہیے جو کے خُداوند کی نظر میں اچھا ہےَ کیونکہ وہ مجھ سے زیادہ جانتا ہےَ۔اِس لئے مَیں اُس کے پیار کی تابعداری کرتا ہوں۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

تکوین 2:4-9,15-17
زبور 103
رنگ سبز

مقدس مرقس 7:14-23

**مرکزی آیت:۔ ''سب میری سُنو''۔مرقس 7:14**

یسوع ایک چھوٹی سی تمثیل پیش کرتا ہے۔ یہ واضع کرنے کے لئے کہ کوئی چیز انسان کو ناپاک نہیں کرتی اَور نہ ہی اسے خدا سے میل کرنے سے روک سکتی ہے۔ لیکن صرف بُری خواہشات، برائیاں جو انسان کے دل سے نکلتی ہیں۔ یہی اُسے خدا سے دُور رکھتی ہیں۔ اِسی طرح یسوع ہر چیز کو پاک اور پوتر کرتا ہے، وہ لوگ جو ایمان لاتے ہیں۔ چاہے وہ عبرانی نسل سے ہوں یا بے دین ہوں سب خداوند کے دستر خوان میں بغیر کسی وجہ سے داخل ہو سکتے ہیں۔

.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................
.....................................................................................



## مقدسہ کیتھرینا دے رِچی

رنگ سبز یا سفید

تکوین 2:18-25

زبور 7

مقدس مرقس 7:24-30

**مرکزی آیت:۔ ''اُس کی خبر سُن کر آئی اَور اُس کے قدموں پر گری''۔ مرقس 7:25**

دل میں جب محبت، حلیمی اَور ایمان ہو تو وہ ہر رکاوٹ عبور کرسکتا ہے۔ کنعانی عورت کی بیٹی کو صرف یسوع ہی بدروح سے آزاد کرسکتا تھا۔ وہ یسوع کے سامنے خود کو مالک کی میز سے گرے ہوئے ٹکڑوں پر پلتے ہیں۔ خود کو اُن کی مانند ہونا قبول کرتی ہے۔ ان الفاظ کے ساتھ خود کو حلیمی سے یسوع کے سامنے پیش کرتی ہے اَور یسوع اُس کے اِس ایمان سے متاثر ہو کر اُسے برکت دیتے ہیں۔

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................

..................................................................................



## مقدس سِرل اُور میتھوڈیس

**رنگ سبز یا سفید**

**تکوین 3:1-8**

**زبور 31**

**مرقس 7:31-37** **یا** **مقدس لوقا 10:1-9**

**مرکزی آیت:۔ ''رستوں میں کھڑے ہو کر کسی کو سلام نہ کرو'' ۔لوقا 10:4**

یسوع کے بھیجے ہوئے یہ بہتر ایک نہایت ہی اہم ذمہ داری لئے ہوئے ہیں۔ وہ انہیں دو دو کر کے ہر شہر اور ہر جگہ بھیجتا ہے جہاں یسوع خود جانے کو تھا۔ اُن کے پاس فضول بحث و مباحثہ میں پڑنے کا وقت نہیں تھا۔ اُن کا مقصد خدا کی بادشاہی پھیلانا تھا۔ آئیں دُعا کریں کہ مقدس سَرل اور میتھوڈیس ہمارے مربّی ہمیں بھی اپنا جذبہ عطا فرمائیں تا کہ ہم بھی خدا کی بادشاہی اُور یسوع کا پرچار کر سکیں۔

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

تکوین 3:9-24 | زبور 89

رنگ سبز

مقدس مرقس 8:1-10

**مرکزی آیت:۔ ''مجھے ہجوم پر ترس آتا ہے''۔مرقس 8:2**

اَے یسوع تو ہماری حقیقت کو ایک باپ اَور ماں کی نظر سے دیکھتا ہے۔جس طرح تو نے اُس قوم کے ساتھ کیا جو کئی دنوں سے تیرا کلام سننے کے لئے تیری پیروی کر رہی تھی۔تُو آج بھی ہر اُس شخص کے لئے ہر ضرورت کو پوری کرنے کو تیار ہے۔جو تجھے پیار کرتا ہے۔تُو اکثر دفعہ ان پر ایک اچھے چرواہے کی مانند ظاہر ہوتا ہے۔تیری ہمدردی کا شکریہ۔

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

.................................................................................

ارمیا 17:5-8 زبور 1

رنگ سبز

1۔قرنتیوں 15:12,16-20 مقدس لوقا 6:17.20-26

**مرکزی آیت:۔"مُبارک ہو تم جو غریب ہو کیونکہ خدا کی بادشاہی تمہاری ہے"۔لوقا 6:20**

اے یسوع تیرا شکریہ کہ میں تجھ پر اَور باپ پر بھروسہ رکھ سکتا ہوں۔جس کی تو نے مجھے پہچان کروائی۔ تاکہ میں مکمل طور پر تیرا ہو کر خوشی سے تیری بادشاہی کے لئے خود کو وقف کر سکوں۔

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................

........................................................................................................



## مقدسہ مریم کے خادموں کی جماعت کے سات بانی

**رنگ سبز یا سفید**

**تکوین 4:1-15,25**

**زبور 49**

### مقدس مرقس 8:11-13

**مرکزی آیت:۔ ”تمہیں کوئی نشان نہ دیا جائیگا“۔ مرقس 8:12**

جب ہم سچے دل کے ساتھ باپ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔اس پر اعتماد کرتے، اَوراس کی محُبت کو تمام انسانوں تک پہنچانے میں اس کے ساتھ شریک ہوتے ہیں تو ہر چیز اس کی محبت کا نشان بن جاتی ہے۔سورج اَور بارش، پھول اَور پہاڑ، بستر میں دی گئی صبح کی کافی، ایک بچہ جورات کے وقت پکارے نانی جوکہ دوسروں کا احساس کیئے بغیر رات کو شکائتیں کرتی ہے۔ان سب کے باوجود ہم پورے دل سے اِس کی حمد سرائی کریں گے اَور اپنی شکائتیں خدا کے حضور رکھیں گے۔

تکوین6:5-8;7:1-5,10 | زبور28

رنگ سبز

مقدس مرقس8:14-21

**مرکزی آیت:۔" اَور نوح نے جو کچھ خداوند نے فرمایا تھا سب کچھ پورا کر دیا"۔تکوین7:5**

نوح ویسے نہیں کر رہا تھا جیسے سب دوسرے اِسکی راستبازی کا مرکز خُدا تھا یعنی جس طرح ایک مخلوق جو اپنے خالق پر بھروسہ رکھتی ہے۔ اَور اِس کی فرمانبرداری کرتی ہے۔ وہ گناہ سے پھیلی ہوئی بربادی کے خلاف خدا اَور انسان کے درمیان رابطہ یا راستہ بن جاتا ہے۔ اس طرح زمین پر دنیا پاک ہوتی اَور بچائی جاتی ہےَ۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

تکوین 8:6-13,20-22 زبور 115

رنگ سبز

مقدس مرقس 8:22-26

**مرکزی آیت:۔''وہ اُس اندھے کا ہاتھ پکڑ کر اُسے گاؤں سے باہر لے گیا''۔ مرقس 8:23**

وہ اندھا یسوع پر بھروسہ رکھتا ہے۔ اَور خود کو یسوع کے سپرد کر دیتا ہے تا کہ جہاں وہ چاہے اِسے لے جائے۔ اِس طرح اس نے اپنی بنائی حاصل کی۔ اَے یسوع تو چاہتا ہے کہ مجھے بھی میرے گاؤں میری اندھیری دُنیا سے باہر نکالنے اَور کہ میں اپنا ہاتھ تیرے ہاتھوں میں دے دوں۔ تو اِس طرح تیرا سورج مجھ پر چمکے گا اَور مَیں تجھ میں مسُرور رہوں گا۔

تکوین 9:1-13 زبور 101

رنگ سبز

مقدس مرقس 8:27-33

**مرکزی آیت:۔''تُو خُدا کی باتوں کا نہیں بلکہ آدمیوں کی باتوں کا خیال رکھتا ہے''۔مرقس 8:33**

پطرس کا یسوع کو جواب بالکل درست تھا۔تو موعودہ مسیح ہے۔لیکن پطرس نہیں چاہتا تھا کہ یسوع دُکھ سہے۔ وہ اِسے اپنی انسانی خواہشوں اَور خیالوں کے مطابق اس کی پیروی کرنا چاہتا تھا۔ باپ کی خواہشات کے مطابق نہیں جو اسے پوری انسانیت کی نجات کے لئے صلیب پر قربان کرنا چاہتا تھا۔ باپ کے خیال میں نوح کے زمانے کی مانند طوفان نہیں جو زمین کو نیا بناتا ہے۔ بلکہ یسوع کا خون اس کی موت اَور جی اُٹھنا دُنیا کی تجدید کرتا ہے۔یہی حقیقی اَور ابدی قوسِ قزاح ہے۔

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................

................................................................................



## دامیان کا مقدس پطرس

رنگ سبز یا سفید

تکوین 11:1-9

زبور 32

مقدس مرقس 8:34،9:1

**مرکزی آیت:۔ ”جو کوئی اپنی جان کو بچاتا ہے وہ اُسے کھوئے گا“۔ مرقس 8:35**

اَے یسوع تیرا کلام مجھے تحفظ دیتا ہے۔ میں اپنی زندگی تجھے دینا چاہتا ہوں۔تا کہ تو اُسے اپنی مُحبت اَور امن وسکون کی بادشاہی کے لئے صرف کر سکے۔ اِن موقع کے لئے تیرا شکریہ جب تو نے مجھے اپنے نظریات ترک کرنے کی ہمت دی تا کہ میں وہی کروں جو تو چاہتا ہے۔ اَور بہتر نتائج اَور کامیابیوں والے واقعات میں بہتر کردار ادا کرنے کی طرف میری رہنمائی کی۔

اَے روح القدس یسوع کو پیار کرنے میں میری مدد کر۔




**مقدس پطرس رسول صاحبِ مسند** | **رنگ سبز یا سفید**

**1۔پطرس 5:1-4** | **زبور 22**

**مقدس متی 16:13-19**

**مرکزی آیت:۔ ''یہ بات جسم اُور خون نے نہیں بلکہ میرے باپ نے جو آسمان پر ہے تجھ پر ظاہر کی ہے''۔متی 16:17**

یہ تمثیل سادہ لوہی کی دعوت نہیں دیتی۔اگر میں کسی بیوقوف کو کچھ دیتا ہوں تو میں اُس کے اپلوس بننے کا سبب بنتا ہوں۔اور جو درحقیقت غریب اُور ضرورت مند ہیں اُنہیں مدد سے محروم رکھتا ہوں۔جی ہاں دل اُور ہاتھ ہمیشہ کھلے مگر ہمیشہ رُوح القُدس کی حکمت اُور سمجھداری کی طرف مائل ہونے چاہیے۔نیکی کرنا مگر تربیت کرنا بھی ضروری ہےَ۔تربیت کرتے وقت کبھی ناں بھی کرنا پڑتا ہے۔اِس لئے کلیسیاء ہماری رہنمائی کرتی ہے۔اُن کے ذریعے جو کاریتاس میں خدمت کرتے ہیں۔اُن کی مدد سے نیکی کے کام سرانجام دیں۔




**مقدس پولیکارپ بشپ، شہید** | **رنگ سبز**

**1۔سموئیل 23-22,13-12,9-7,2:26** — **زبور 102**

**1۔قرنتیوں 49-45:15** — **مقدس لوقا 38-27:6**

**مرکزی آیت:۔ ''جو تجھ سے مانگتا ہے اُسے دو''۔لوقا 30:6**

یہ الفاظ ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ اگر میں کسی کو دھوکہ دیتا ہوں تو میں واقعی ہی غریبوں کو بہت سے لوگوں کی مدد سے محروم کر دیتا ہوں۔ یہ دُرست ہے کہ دل اَور ہاتھ حکمت سے اَور روح القدس کی مدد سے ہمیشہ کھُلے رہتے ہیں۔ کچھ اچھا کرنا بھی تعلیم کے معنوں میں آتا ہے اَور تعلیم دینے کے لئے کسی نہ کسی کا ہونا ضروری ہے۔ اِسی وجہ سے کلیسیاء ہمارے خیراتی کاموں کی رہنمائی کرتا ہے جو کے بے لوث خدمت کرتے ہیں۔

..................................................
..................................................
..................................................
..................................................
..................................................
..................................................
..................................................
..................................................
..................................................
..................................................
..................................................
..................................................
..................................................
..................................................
..................................................

یشوُع بن سیراخ 1:1-10

زبور 92

رنگ سبز

مقدس مرقس 9: 13-28

**مرکزی آیت:۔''خداوند کا کلمہ بلُندی میں حکمت کا چشمہ ہے''۔سیراخ 1:5**

خداوند کا کلام جو ہر اتوار خدا کے خادم کے ذریعے یوخرستی قربانی کے دوران سُنایا جاتا ہے۔ہمیں اسے حلیمی سے سننا چاہیے اَور اگر ممکن ہو تو ہر روز ذاتی طور پر دھیان کرنا ہے۔ایسا کرنا ہمیں خداوند کی نظر میں عزیز ٹھہراتا اَور حکمت سے معمور کرتا ہے۔اِس طرح ہم اپنے بھائیوں کو بھی ایسے ہی کرنا سکھا سکیں۔

یشوُع بن سیراخ 2:1-13
زبور 36
رنگ سبز
مقدس مرقس 9:38-40

**مرکزی آیت:۔"اُسے منع نہ کرو۔ کیونکہ کوئی ایسا نہیں جو میرے نام پر معجزہ کرے اَور مجھے بُرا کہہ سکے"۔مرقس 9:37**

یسوع اپنے شاگردوں کے ساتھ یروشلم کی طرف جارہا ہے۔وہ اپنے اُستاد کے ساتھ ہونے کی خوشی میں پہلے ہی قیاس آرائیاں کررہے ہیں کہ اب وہ دارالخلافہ میں کیا کام سرانجام دے سکتے ہیں۔اِس پر یسوع مداخلت کرتا ہے کیونکہ اس کا مقصد بالکل مختلف ہے۔اُس کی بادشاہی خدمت کرنے کے لئے ہے،حکمرانی کرنے کی نہیں۔ہمیں خدمت گزار بننا ہے نا کہ حکمران۔

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

.......................................................................................................

یشوُع بن سیراخ 4:11-19 زبور 118

رنگ سبز

مقدس مرقس 9:38-40

**مرکزی آیت:۔''حکمت اپنے بیٹوں کی تربیت کرتی ہے اَور اپنے سب تلاش کرنے والوں کی تلقین کرتی ہے''۔سیراخ 4:12**

پاک کلام میں حکمت، خدا کے خوف کے ساتھ ہوتی ہے۔یعنی خداوند کی محبت بڑی گہری اَور نازک یعنی چھوٹی سی بات میں بھی اسے ناراض نہ کرنے کا خوف جو بھی اس حکمت اَور پاک خوف میں زندگی بسر کرتا ہےَ وہ حقیقی خوشی کی زندگی بسر کریگا اَور دوسروں کو بھی عطا کر سکے گا۔

..........

یشوُع بن سیراخ 5:1-8 | زبور 1

رنگ سبز

مقدس مرقس 9:41-50

**مرکزی آیت:۔"اگر نمک بے مزہ ہو جائے تو اُسے کس طرح مزے دار کرو گے اپنے میں نمک رکھو اَور آپس میں میل ملاپ رکھو"۔مرقس 9:50**

اے یسوع تیرا شکر یہ تیرے پاس ایسا کام ہے جو جینے کا مزہ دیتا ہے۔ہماری مدد کرتا کہ یہ زندگی تیرے دل کے مطابق بسر کر کے اچھا پھل لا سکیں۔عطا کر کہ ہماری زندگی اس نمک کی مانند نہ ہو۔جو ایک دفعہ اپنا مزہ کھو دیتا ہے۔تو وہ صرف باہر پھینکا اَور پاؤں تلے روندا جاتا ہے۔کیونکہ وہ کسی کام کا نہیں رہتا۔

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

.......................................................................................................................

یشوُع بن سیراخ 6:5-17 | زبور 118

رنگ سبز

مقدس مرقس 10:1-12

**مرکزی آیت:۔ ''جو خدا سے ڈرتا ہے وہ سچی دوستی حاصل کرے گا کیونکہ اُسکا دوست اسی کی مانند ہوگا'' سیراخ 6:17**

دوستیاں اپنی افادیت رکھتی ہیں۔ وہ مدد بھی دے سکتی ہیں۔ یا پھر تباہ کرسکتی ہیں۔ حقیقی یا سچے دوست وہ ہیں جو ہماری مدد کرتے ہیں۔ نہ صرف خوش ہونے میں بلکہ صحیح اَور سمجھدار اَور حکمت والے فیصلے کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ سچے دوست اس زندگی میں اَور آنے والی ابدی زندگی بہتر بنانے میں مدد دیتے ہیں۔ دوستوں کے ہمراہ ایک دوسرے کا ساتھ دے کر ابدی زندگی بہتر بنانے میں مدد دیتے ہیں۔ دوستوں کے ہمراہ ایک دوسرے کا ساتھ دے کر ابدی زندگی کی طرف قدم مارا جاتا ہے۔

......................................................................

......................................................................

......................................................................

......................................................................

......................................................................

......................................................................

......................................................................

......................................................................

......................................................................

......................................................................

......................................................................

......................................................................

......................................................................

......................................................................

......................................................................